Pearson Edexcel

# Mark Scheme (Results)

## November 2020

Pearson Edexcel GCSE
In Urdu (1UR0)
Paper 1H : Listening Higher Tier

**General Marking Guidance**

- All candidates must receive the same treatment. Examiners must mark the first candidate in exactly the same way as they mark the last.
- Mark schemes should be applied positively. Candidates must be rewarded for what they have shown they can do rather than penalised for omissions.
- Examiners should mark according to the mark scheme not according to their perception of where the grade boundaries may lie.
- There is no ceiling on achievement. All marks on the mark scheme should be used appropriately.
- All the marks on the mark scheme are designed to be awarded. Examiners should always award full marks if deserved, i.e. if the answer matches the mark scheme. Examiners should also be prepared to award zero marks if the candidate's response is not worthy of credit according to the mark scheme.
- Where some judgement is required, mark schemes will provide the principles by which marks will be awarded and exemplification may be limited.
- When examiners are in doubt regarding the application of the mark scheme to a candidate's response, the team leader must be consulted.
- Crossed out work should be marked UNLESS the candidate has replaced it with an alternative response.

There are no marks for quality of language or spelling in this paper, therefore errors in the Turkish script will be tolerated as long as the message is not ambiguous and it does not prevent communication. Such errors include where a candidate has mis-copied a Turkish word or name.

**SECTION A**

| Question number | Answer | Mark |
|---|---|---|
| 1(a) | قریب | (1) |

| Question number | Answer | Mark |
|---|---|---|
| 1(b) | پیدل | (1) |

| Question number | Answer | Mark |
|---|---|---|
| 1(c) | شروع | (1) |

| Question number | Answer | Mark |
|---|---|---|
| 1(d) | اردو | (1) |

| Question number | Answer | Mark |
|---|---|---|
| 1(e) | چھٹی | (1) |

| Question number | Answer | Mark |
|---|---|---|
| 2(a) | زیادہ | (1) |

| Question number | Answer | Mark |
|---|---|---|
| 2(b) | بہت کم | (1) |

| Question number | Answer | Mark |
|---|---|---|
| 2(c) | زیادہ | (1) |

| Question number | Answer | Mark |
|---|---|---|
| 2(d) | بہت زیادہ | (1) |

| Question number | Answer | Mark |
|---|---|---|
| 2(e) | بہت کم | (1) |

SECTION B

| Question number | Answer | Mark |
|---|---|---|
| 3(i) | D | (1) |

| Question number | Answer | Mark |
|---|---|---|
| 3(ii) | B | (1) |

| Question number | Answer | Mark |
|---|---|---|
| 3(iii) | C | (1) |

| Question number | Answer | Mark |
|---|---|---|
| 3(iv) | D | (1) |

| Question number | Answer | Mark |
|---|---|---|
| 4 | A,D,F | (3) |

| Question number | Answer | Mark |
|---|---|---|
| 5(i) | C | (1) |

| Question number | Answer | Mark |
|---|---|---|
| 5(ii) | C | (1) |

| Question number | Answer | Mark |
|---|---|---|
| 5(iii) | A | (1) |

| Question number | Answer | Reject | Mark |
|---|---|---|---|
| 6(a) | pleasent | | (1) |

| Question number | Answer | Reject | Mark |
|---|---|---|---|
| 6(b) | Visit mangla dam / boat riding | | (1) |

| Question number | Answer | Reject | Mark |
|---|---|---|---|
| **6(c)** | Heavy rain | | **(1)** |

| Question number | Answer | Reject | Mark |
|---|---|---|---|
| **6(d)** | Very nice<br>Sunny | | **(2)** |

| Question number | Answer | Reject | Mark |
|---|---|---|---|
| **7(a)** | Because of facalities | | **(1)** |

| Question number | Answer | Reject | Mark |
|---|---|---|---|
| **7(b)** | Increase in number of cars | | **(1)** |

| Question number | Answer | Reject | Mark |
|---|---|---|---|
| **7(c)** | Their performance has been affected | | **(1)** |

| Question number | Answer | Reject | Mark |
|---|---|---|---|
| **7(d)** | They are getting illnesses | | **(1)** |

| Question number | Answer | Reject | Mark |
|---|---|---|---|
| **7(e)** | Stuck in traffic /late for work | | **(1)** |

| Question number | Answer | Mark |
|---|---|---|
| **8(a)(i)** | B | **(1)** |

| Question number | Answer | Mark |
|---|---|---|
| **8(a)(ii)** | A | **(1)** |

| Question number | Answer | Mark |
|---|---|---|
| **8(a)(iii)** | D | **(1)** |

| Question | Answer | Mark |
|---|---|---|

| number | | |
|---|---|---|
| **8(b)(i)** | D | **(1)** |

| Question number | Answer | Mark |
|---|---|---|
| **8(b)(ii)** | C | **(1)** |

| Question number | Answer | Mark |
|---|---|---|
| **8(b)(iii)** | A | **(1)** |

| Question number | Answer | Reject | Mark |
|---|---|---|---|
| **9(a)(i)** | important invention | useful | **(1)** |

| Question number | Answer | Reject | Mark |
|---|---|---|---|
| **9(a)(ii)** | Keeps us up to date | | **(1)** |

| Question number | Answer | Reject | Mark |
|---|---|---|---|
| **9(a)(iii)** | Waste of time<br><br>Families don’t spend time together | | **(2)** |

| Question number | Answer | Reject | Mark |
|---|---|---|---|
| **9(a)(iv)** | Inappropriate use of it /<br>Bad use of it | Use of it | **(1)** |

| Question number | Answer | Reject | Mark |
|---|---|---|---|
| **9(a)(v)** | Educational purpose | work | **(1)** |

| Question number | Answer | Reject | Mark |
|---|---|---|---|
| **9(b)(i)** | Feels like purpose of our life is to watch TV<br><br>Children don’t focus on education | | **(2)** |

| Question number | Answer | Reject | Mark |
|---|---|---|---|
| **9(b)(ii)** | Have fix time to watch TV | | **(1)** |

| Question number | Answer | Reject | Mark |
|---|---|---|---|
| **9(b)(iii)** | Should not let Children watch TV for too long | | **(1)** |

| Question number | Answer | Mark |
|---|---|---|
| **10(i)** | B,D | **(2)** |

| Question number | Answer | Mark |
|---|---|---|
| **10(ii)** | B,E | **(2)** |

.

# Transcript of listening test

## Summer 2020

Pearson Edexcel GCSE
In Urdu (1UR0)
Paper 1H : Listening Higher Tier

## SECTION A

اسکول کے بارے میں گفتگو

**Question 1**

**Example (مثال)**
**M2:**

میرا اسکول بہت بڑا ہے۔

**Question 1**

**M2:**

میرا اسکول میرے گھر کے قریب ہے۔میں پیدل اسکول جاتا ہوں۔ اسکول نو بجے شروع ہوتا ہے۔ہمیں ہر روز پانچ مضمون پڑھائے جاتے ہیں۔ میرا اسکول بہت صاف ستھرا ہے۔

**F1**

بہت خوب اپنے اسکول کے بارے میں کچھ اور بتائیں۔

**M2:**

میرے اسکول میں اردو بھی پڑھائی جاتی ہے۔مجھے اسکول سے ساڑھے تین بجے چھٹی ہوتی ہے۔ میرے ا سکول میں بہت ساری زبانیں پڑھائی جاتی ہیں۔

اسکول ٹرپ

**Question 2**

**مثال**

**M1:**

ہم اسکول ٹرپ پر بہت کم جاتے ہیں۔

**Question 2**

**M1:**

زیادہ بچوں کی خواہش تھی کہ وہ کسی پارک کی سیر کے لیے جائیں ۔ عجا ئب گھروں میں جانے کا رواج بہت کم ہوگیا ہے۔ ہمارے اسکول نے ایک عجائب گھر جانے کا پروگرام بنایا۔ عجائب گھر ہمارے اسکول سے زیادہ دور نہیں تھا مگر وہاں پہنچنے میں ہمیں دیر لگ گئی کیونکہ ٹریفک بہت زیادہ تھی۔ عجائب گھر کو دیکھنے میں ہمیں زیادہ دیر نہیں لگی کیونکہ لوگوں کی تعداد بہت کم تھی۔

## SECTION B

### Visit to Lahore

**Question 3**

**Example**

**M1:**

**میرا نام انور ہے اور پچھلے سال میں نے اپنی چھٹیاں لاہور میں گزاریں۔**

**Question 3**

**M1:**

**میں اپنےبھائی جان کے ساتھ چھٹیاں گزارنے لاہورگیاتھا۔ لاہور میں ہمارے کئی رشتہ دار بھی رہتے ہیں لیکن ان کے ساتھ رہنے کی بجائے ہم ایک اچھےسےہوٹل میں ٹھہرے۔ ہم صبح ہوتے ہی تفریح کے لیے نکل جاتے اور رات دیر تک گھومتے پھرتے۔**

**M2:**

**لاہور بہت ہی خوبصورت شہر ہے اور رات دیر تک یہاں رونق رہتی ہے۔ ہم روزانہ کئی میل پیدل چلتے تھے ۔ہم نے مختلف جگہوں کی سیر کی اور کئی قسم کے کھانے کھائے ۔ ایک ہفتہ بہت جلدی گزر گیا اور پھرہم واپس گھر آ گئے۔**

### Sports Event

**Question 4**

**Example**

**F1:**

چودہ اگست کو لاہور کے **اسٹیڈیم میں** کھیلوں کے مقابلے ہوئے۔

**Question 4**

**M2:**

کھیلوں کے مقابلے دیکھنے کے لیے لوگ دور دور سے آئے تھے۔ **اسٹیڈیم کے باہر بہت لوگ تھے اور اندر جانے میں اتنی دیر لگی کہ کئی لوگ پورا کھیل نہ دیکھ سکے۔**

**F2:**

**اسٹیڈیم کے ارد گرد کا ماحول بھی بہت اچھا تھا۔ کئی چیزوں کے اسٹال تھے جن میں کھانے پینے کی اشیاء شامل تھیں۔**

**M1:**

شروع کی تقریب بہت ہی خوبصورت تھی۔ **میدان میں کھیل دیکھنے کا مزہ ہی کچھ اور تھا ۔لوگ پاکستان کے جھنڈے لہرا رہے تھےاور شور سے اسٹیڈیم گونج رہا تھا۔**

**F1:**

پاکستان میں بے شمارکھیل کھیلے جاتے ہیں۔جن میں سے اکثر ان مقابلوں کا حصہ تھے۔

## Clothes shopping

**Question 5**

**Example**

**F2:**

میں سارہ ہوں اور کپڑوں کی خریداری پسند کرتی ہوں۔

**Question 5**

**F2:**

میں وہ کپڑےخریدتی ہوں جو مجھے پسند آ ئیں اور پہننے میں آرام دہ بھی ہوں۔ میرا مشورہ یہ ہے کہ مہنگی چیزیں نہ خریدیں کیونکہ بازار میں ہر نئے فیشن وا لے کپڑے مہنگی قیمت پر خریدےجا تے ہیں مگر کچھ عرصے کےبعد یہی کپڑےآپ کو سستی قیمت میں بھی مل سکتےہیں۔ میں تو ایسا ہی کرتی ہوں۔

**M1:**

آج کل تو دکاندارلڑکے اورلڑکیوں کے ہر فیشن کے کپڑے رکھتے ہیں۔

**F2:**

جی ہاں آپ نے ٹھیک کہا دکاندار چیزوں کو فروخت کرنے کے لیے مردوں اور عورتوں کے نئے نئے فیشن والے کپڑے رکھتے ہیں لیکن یہ بات ضروری نہیں کہ نئے فیشن کی ہر چیز آپ پربھی اچھی لگے اس لیے چیز وہی لیں جو آپ کو پسند ہو۔

## Mirpur’s weather

**Question 6**

**M2:**

منگل کے دن جب ہم میرپور پہنچے تو موسم خوشگوار تھا ۔ ہم نے اپنا سامان ہوٹل میں رکھا اور شہر کی سیر کے لیے نکل گئے۔ہم نے چند گھنٹے خریداری کی ۔ بدھ کو تیز بارش کی وجہ سےہم نہ تو منگلہ ڈیم کی سیر کر سکے اور نہ ہی کشتی کی سواری کا موقع ملا۔

**F1:**

اچھا تو کیا بدھ کو سارا دن موسم خراب رہا؟

**M2:**

جی بس کچھ نہ پوچھیےاگلے دو دن اتنی بارش ہوئی کہ سڑکوں پر پانی جمع ہو گیا جس کی وجہ سے ہم ہوٹل سے باہر ہی نہ نکل سکے اور جمعہ کو ہماری واپسی تھی۔ دراصل ہمیں چاہیے تھا کہ ہم جانے سے پہلے موسم کا حال دیکھ لیتے کیونکہ اگلے ہفتے میر پور کا موسم بہت اچھا ہو گا اور سورج نکلے گا۔

## Pollution

**Question 7**

**F1:**

پاکستان میں شہر تیزی سے پھیل رہے ہیں کیونکہ بہت سے لوگ اپنے گاؤ ں چھوڑ کے شہروں میں آباد ہورہےہیں۔ زندگی کی تمام سہولتیں یہاں رہنے والوں کو مل رہی ہیں اور اسی وجہ سے ہر کوئی شہر میں رہنا چاہتا ہے۔

**M1**

شہروں میں بڑھتی ہوئی آبادی کے ساتھ ساتھ سڑکوں پر گاڑیوں کی تعداد بھی بڑھ رہی ہے اس لیے ہوا بہت آ لودہ ہوچکی ہے جس کا عوام کی صحت پر برا اثر پڑ رہا ہے ۔

**F2**

ٹریفک کےشور اور دھویں سے ماحول پر بھی منفی اثر پڑنے کے ساتھ ساتھ لوگ بھی متاثر ہوتے ہیں جس کی وجہ سے وہ روزمرہ کے کاموں میں اچھی کارکردگی نہیں دکھا سکتے اور بچے مختلف بیماریوں کا شکار ہو رہے ہیں جن میں آنکھوں اور سانس کی بیماریاں شامل ہیں۔

**M2**

اس کے علاوہ ٹریفک میں پھنس جانے اور کام پر دیر سے پہنچنے کی وجہ سے لوگ ذہنی پریشانی کا بھی شکار ہو رہےہیں ۔

## Starting a job

**Question 8**

**Example**

**F2:**

میرا نام ثمینہ ہے ۔ تمام والدین کی طرح میرے والدین کی بھی یہی خواہش تھی کہ مجھے کوئی اچھی سی نوکری ملے۔

**Question 8 Part (a)**

**F2:**

میری زیادہ تر سہیلیوں کو اچھی نوکریاں مل گئی تھیں۔ ا می کے کہنے پر میں بھی اچھی نوکری کی تلاش میں رہتی لیکن میری خواہش تو یہ تھی کہ میں اپنا کاروبار کروں۔

**M2:**

تم نے اس خواہش کے بارے میں اپنی امی کو کیوں نہیں بتایا ؟

**F2:**

کوشش تو کی تھی مگر امی کا ہمیشہ ایک ہی جواب تھا ،اتنی اچھی تعلیم حاصل کی ہے۔ اگر اچھی نوکری کرو گی تو تنخواہ بھی اچھی ملے گی۔ اورتمہارے سارے خواب بھی پورے ہوں گے۔

Question 8 Part (b)

M2:

آپ کی رائے میں  خواہشات کے پورا نہ ہونے کے ذمہ دار  والدین ہیں ۔

F2:

اس میں والدین کا کوئی قصور نہیں  تمام  والدین اپنی اولاد کے مستقبل کے بارے میں اچھا ہی سوچتے ہیں لیکن اکثر والدین اور بچوں کی سوچ میں فرق ہوتا ہے۔

M2

میری رائے میں والدین کو چاہیے کہ اپنے بچوں کے ساتھ بیٹھ کر ان کے مستقبل کے بارے میں بات کریں  جبکہ اساتذہ کو چاہیے کہ اسکول کی مختلف  تعلیمی ورکشاپ کے ذریعے  معلوم کریں کہ بچوں کی دلچسپی کس  کام کی طرف ہے۔

## Watching TV

### Question 9

### Question 9 Part (a)

**M1:**

میرا نام احمد ہے اور میرا خیال ہے کہ ٹیلی ویژن موجودہ دور کی اہم ایجادات میں سے ایک ہے ۔ہم گھر بیٹھے ٹی وی پر دنیا بھر کی معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

**F1:**

میں عاصمہ ہوں میں سمجھتی ہوں کہ ٹی وی سے بچوں اور بڑوں کا قیمتی وقت ضائع ہوتا ہےاوربچے اور بڑے ایک ساتھ وقت نہیں گزار سکتے کیونکہ وہ سارا وقت ٹی وی ڈراموں اور فلموں میں گزار دیتے ہیں۔

**M1:**

کوئی بھی ایجاد اچھی یا بری نہیں ہوتی بلکہ اس کا استعمال اسے اچھا یا برابناتا ہے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ ٹی وی کو بھی زیادہ سے زیادہ تعلیمی مقاصد کے لیے استعمال کیا جائے۔

### Question 9 Part (b)

**F1:**

ہمارے گھروں میں ٹی وی اس قدر اہم ہوگیا ہے کہ ایسالگتا ہے کہ جیسے اب ہماری زندگیوں کا مقصد ہی ٹی وی دیکھنا ہے۔ جس کی وجہ سے بچے اپنی تعلیم کی طرف پوری توجہ نہیں دے پاتے ۔

**M1:**

میرا مشورہ ہے کہ والدین کو ٹی وی دیکھنے کا وقت مقررکرنا چاہیے۔ والدین کو اس بات کی فکر کرنی چاہیے کہ بچوں کو زیادہ دیر ٹی وی نہ دیکھنے دیا جائے تاکہ ان کا تعلیمی نقصان نہ ہو۔

## Gardening

**Question 10**

**Example**

**M2:**

میرا نام عدنان ہے اور میرا مشغلہ باغبانی ہے۔

**Question 10 Part (i)**

**M2:**

میرے مشغلے کا آغاز صبح سویرےہوتا ہے جب میں پودوں کو پانی دیتا ہوں ۔ پودوں کو پانی دینا اور ان کی دیکھ بھال کرنا اتنا اچھا لگتا ہے کہ یہ الفاظ میں بیان کرنا ممکن نہیں۔ اتنا مزہ کسی اور کام میں نہیں آتا۔

**F2:**

آپ کے باغیچے میں کون کون سے پودے ہیں۔

**M2:**

میں نے اپنے باغیچے میں مختلف قسم کے پھولوں اور پھلوں کے پودے ہی نہیں بلکہ سبزیاں بھی لگائی ہوئی ہیں۔میرے گھر والے پھلوں کے ساتھ ساتھ سبزیوں سے بھی اپنی مکمل گھریلو ضروریات پوری کر تے ہیں۔

**Question 10 Part (ii)**

**F2:**

آپ اس مشغلے کے بارے میں کیا مشورہ دینا چاہیں گے؟

**M2:**

روزانہ صرف ایک گھنٹہ باغبانی کا مشغلہ اپنانے سے نہ صرف لطف اندوز ہوا جا سکتا ہے بلکہ پیسوں کی بچت بھی ہو سکتی ہے ۔ اگر ہم اپنے باغیچے کی حفاظت کریں تو ہم تازہ پھل، سبزیاں اور پھول مفت حاصل کر سکتے ہیں ۔محض اتنا ہی نہیں بلکہ ڈاکٹروں کے پاس زیادہ جانے کی ضرورت بھی نہیں پڑتی۔

Pearson Education Limited. Registered company number 872828
with its registered office at 80 Strand, London, WC2R 0RL, United Kingdom